The Solar Cooking Archive

شمسی توانائ سے کھانا پکانےکو عام کرنے کے لئے تم کیا کر سکتے ھو

ترجمہ: محمد یاسین خا ں
Translated by Muhammad Yasin Khan
E-mail: myasin_khan@yahoo.com

ادارہ شمسی توانائ بین الاقوامی : واقع سیکرومینٹو کیلیفورنیا، ایک بڑی رضاکارانہ تنظیم ہےاور اس کا مقصد شمسی توا نائ سے کھانا پکانا عام کرنا ہے۔ اس چیز کا اظہار آپ مختلف طریقوں سے د یکھ سکتے ھیں۔ آپ کے تعاون کا پیشگی شکریہ۔ دیکھئے آپ اس میں کس طرح حصہ لے سکتے ہیں۔

- شمسی توانائ کا علم حاصل کریں: سولر ککنگ آرکائیو میں موجود تمام مضامین کا مطالع کرین تاکہ آپ کو شمسی توا نائ کا بنیادی علم حا صل ہو سکے۔ شمسی توا نائ سے چلنے والا چولہا خود تیارکریں اور اس سے کھانا پکانے میں مہارت حاصل کریں
- وکالت: شمسی توانائ سے کہانا پکانے کے طریقے کو ان لوگوں سے متعارف کرائیں جو اسے عوام میں مقبول کر سکیں۔ عوام کےنما ئندوں سے کہیں کہ وہ لوگوں کو شمسی توانائ کے استعمال پر اکسائیں
- ممبر بنیں: ہمارا کام آپ جیسے لوگوں کے تعاون کا مرہون منت ہے۔ اس مقصد میں مزید معلوات کے لئے http://solarcookers.org پر رابطہ کریں
- چندہ: info@solarcookers.org کے لئے لوگوں سے چندہ حاصل کریں
- دوست بنائیں: اپنے دوستوں سے کہیں کہ وہ ایس۔سی۔آئی کے ممبر بنیں،اگر ہم میں سے ہر شحص ایک نئے ممبر کا اضافہ کرے تو ہماری طاقت اور کارکردگی دگنی ہوسکتی ہے
- شمصی پکوان کا عملی مضاہرہ: عوامی اجتماعات، سکول کے بچوں، نوجوانوں، اورخاص دوستوں کے سامنے اپنے گھرمیں شمسی پکوان کا عملی مظاہرہ کریں۔ ایس۔سی۔ائی آپ کے پیشگی کہنے پرآپ کو تصاوی، اشتہارات، اور اشتہاری مواد بزریعہ عام ڈاک بھیج سکتا ہے۔
- مدد کرنا: آپ کا ادارہ یا جماعت ایس،سی، ائی کی مدد کر سکتی ہے۔اس کے لئے اپنے آپ کو جماعت کے ممبر کی حیثیت سے رجسٹر کرائیں
- بلاواسطہ حصہ لینا: ایسی مشقوں میں آپ بلا واسطہ حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کے لئے شمسی توانائ کا علم ہونا اچھا ہے۔ لیکن ضروری نہیں۔ مثلا" دیکھیں ڈان کامن ارتھ واچ پراجکٹ ان کینیا (تصا ویر) ایسے موقوں کے لئے ضروری ہے کہ آپ تمام احراجات اپنی جیب سے کریں۔
- تعلیمی مواد کا ترجمہ: ہمارے تعلیمی مواد کا ترجمہ حال ہی مین انگلش میں ہوا ہے۔ لیکن دوسری زبانوں میں نہیں۔ آپ ہمیں بتائیں کہ آ پ کس زبان میں آسانی سے ترجمہ کر سکتے ہین؟ اور آپ کس مواد کا ترجمہ کرنا پسند کریں گے؟ ہم آپ کو تازہ ترین مواد ترجمہ کے لئے بھیج دیں گے۔ اگر آپ سولر ککنگ آرکائیو کے صفہات کا ترجمہ کرنے میں ہماری مدد کرنا چاہیں تو مہربانی فرما کر ویب ماسٹر ٹام سپونہم کو لکھین
- کمپیوٹرمہارت: اور اپنی کمپیوٹر کے استعمال کی مہارت کو لوگوں کے لئے وقف کرینں اور سولر ککنگ آرکائیو کو شمسی توانائی کی معلومات کا سب سے بڑا خزانہ بنا دیں
- رابطہ: آپ اپنی ویب سائٹ کا رابطہ ہمارے تعلیمی موار سے کریں اور کتابوں کی خریداری ہمای معرفت Enter Amazon-com via this link سے کرین اس طرح آپ کی رقم کا 10 فیصد سولر ککرز انٹرنیشنل کو منتقل ہو جائے گا

یہ سب امیزون پروگرام اور مائکروسافٹ کے تعاون سے ممکن ہوا۔
اس تحریر کا متن سولر ککنگ آرکایومین مندرجہ ذ یل اڈریس پر شائع ہوا ہے۔
http://solarcooking.org/youcando.htm
webmaster@solarcooking.org پر معلومات کے لیے رابطہ کرین۔